## سبق: ۷

# وطن کی مٹّی گواہ رہنا

### حاصلاتِ تعلّم

اس سبق کی تکمیل کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- نظم سُن کر مختصر اور طویل معروضی اور موضوعی سوالوں کے جواب دے سکیں۔
- اہم نکات اخذ کر سکیں۔
- کسی منظوم کلام پر اپنے جذبات و احساسات کا مربوط زبانی اظہار کر سکیں۔
- نظم کو منشا اور مقصد کے حوالے سے سمجھ کر درست اُتار چڑھاؤ اور روانی سے پڑھ سکیں۔
- نظم کے اشعار کی حوالوں کے ساتھ تشریح کر سکیں گے۔
- نظم پڑھ کر مرکزی خیال لکھ سکیں گے۔
- ضرب الامثال کا تحریر میں مربوط استعمال کر سکیں گے۔
- الفاظ و تراکیب کا مفہوم سمجھنے میں لغت کا استعمال کر سکیں گے۔



### سوچیں اور بتائیں

- کِن کِن پاکستانیوں نے اپنے وطن کے لیے قربانی دی؟
- چند ایسے پاکستانیوں کا نام بتائیں جنھوں نے اپنے وطن کی ترقی کے لیے بہت کام کیا ہو۔

### کیا آپ جانتے ہیں؟

- ملی نغمے شہریوں میں وطن سے محبت کے جذبے کو مہمیز دینے اور ان کے اندر وطن کی تعمیر و ترقی کا جذبہ پیدا کرنے کے لیے لکھے جاتے ہیں۔
- نظم "وطن کی مٹی گواہ رہنا" کے شاعر مسرور انور نے بہت سے ملی نغمے لکھے، جو بے حد مقبول ہیں۔ ان کے چند معروف ملی نغموں میں "سوہنی دھرتی اللہ رکھے قدم قدم آباد"، "اپنی جاں نذر کروں" اور "جُگ جُگ جیے میرا پیارا وطن" وغیرہ شامل ہیں۔

### برائے اساتذہ کرام

- حاصلاتِ تعلّم تحریر کرنے کا مقصد اساتذہ کو تدریسی معاونت فراہم کرنا ہے۔ نظم کا متن پڑھانے سے قبل طلبہ کے فہم کا جائزہ لینے کے لیے موضوع سے متعلق سوالات طلبہ سے پوچھے جائیں اور گفت گو کے ذریعے سے اِس ملی نظم کے متعلق مزید معلومات دیجیے۔ اُن سے کوئی اور پسندیدہ ملی نظم بھی سُنیے۔

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale



NOT FOR SALE-PESRP

# وطن کی مٹّی گواہ رہنا

| الفاظ | مَٹّی | مُغَنّی | خوشبُو | حِفاظَت | عَزم | مَحاذ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تَلَفُّظ | مَٹ۔ٹی | مُ۔غَن۔نی | خو۔ش۔بُو | حِ۔فا۔ظَت | عَز۔م | مَ۔حا۔ذ |

وطن کی مٹّی گواہ رہنا ، گواہ رہنا
وطن کی مٹّی گواہ رہنا ، گواہ رہنا

وطن کی مٹّی عظیم ہے تو ، عظیم تر ہم بنا رہے ہیں
گواہ رہنا ، وطن کی مٹّی گواہ رہنا
گواہ رہنا

ترے مُغَنّی کی ہر صدا میں تری ہی خوشبو مہک رہی ہے
ہر ایک سُر میں ہر ایک لے میں تری محبت چمک رہی ہے
گواہ رہنا ، وطن کی مٹّی گواہ رہنا
گواہ رہنا

**ٹھہریں اور بتائیں**
- ہم وطن کو کس طرح عظیم تر بنا رہے ہیں؟
- "ترے مغنی" سے کیا مُراد ہے؟

تری زمیں کے یہ چاند تارے ، ہے جن کی آنکھوں میں پیار تیرا
صداقتوں کے دیے جلا کر بڑھا رہے ہیں وقار تیرا
گواہ رہنا ، وطن کی مٹّی گواہ رہنا
گواہ رہنا

ہر ایک دل میں تری لگن ہے، تری ہی جانب ہر ایک نظر ہے
تری حفاظت کا عزم لے کر ہر ایک اپنے محاذ پر ہے
گواہ رہنا ، وطن کی مٹّی گواہ رہنا
گواہ رہنا

**ٹھہریں اور بتائیں**
- "ہر ایک دل میں تری لگن" سے کیا مراد ہے؟
- "صداقتوں کے دیے" کا کیا مطلب ہے؟

وطن کی مٹّی عظیم ہے تو ، عظیم تر ہم بنا رہے ہیں
گواہ رہنا ، وطن کی مٹّی گواہ رہنا
گواہ رہنا

(مسرورانور)





Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale

NOT FOR SALE-PESRP

## ہم نے سیکھا

- وطن سے محبت کا تقاضا یہ ہے کہ ہم سب اپنے اپنے شعبوں میں بھرپور محنت کریں اور اپنے وطن کی کامیابی و ترقی کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں۔
- ہم سب سچائی، محنت، خلوصِ نیت اور لگن جیسی صفات کو اپنا کر اپنے وطن کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکتے ہیں۔

پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے ان گنت موسموں، جغرافیائی خطوں، معدنیات، پھلوں، پھولوں، فصلوں، دریاؤں، سمندروں، پہاڑوں اور محنتی و ذہین افراد کی بڑی تعداد سمیت بے شمار نعمتوں سے نوازا ہے۔ ہمیں ان نعمتوں سے فائدے اٹھانے چاہییں اور ان کا مثبت استعمال کرنا چاہیے۔

# مشق

## تفہیم

### ۱ مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب دیں۔

(الف) وطن کی مٹی کو عظیم تر بنانے سے کیا مراد ہے؟
(ب) آپ اپنے وطن کا وقار بڑھانے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟
(ج) "تری زمیں کے یہ چاند تارے" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(د) آپ وطن کی مٹی کو عظیم تر بنانے کے لیے کیا کر رہے ہیں؟
(ہ) "ہر ایک اپنے محاذ پر ہے" سے شاعر کی کیا مراد ہے؟
(و) آپ وطن کی مٹی کو اپنے کس عمل پر گواہ بنانا چاہتے ہیں؟

### ۲ مندرجہ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب دیں۔

(الف) نظم سُن کر بتائیے کہ مُغنی اپنے وطن کے لیے کیا خدمات سر انجام دے رہے ہیں اور ان کی خدمات سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

(ب) کیا آپ اپنے وطن سے پیار کرتے ہیں؟ آپ کو پاکستان میں کون سی چیزیں بہت پسند ہیں؟

### ۳ متن کے مطابق دُرست جواب پر ✓ کا نشان لگائیں۔

(الف) وطن کی مٹی عظیم ہے تو، عظیم تر ہم:
(i) بنا رہے ہیں (ii) دِکھا رہے ہیں (iii) کروا رہے ہیں (iv) سجا رہے ہیں

(ب) ترے مغنی کی ہر صدا میں تری ہی خوشبو:
(i) چہک رہی ہے (ii) مہک رہی ہے (iii) دہک رہی ہے (iv) گھوم رہی ہے

(ج) ہر ایک سُر میں ہر ایک لے میں تری محبت:
(i) بس رہی ہے (ii) چمک رہی ہے (iii) سج رہی ہے (iv) نِکھر رہی ہے

(د) تری زمیں کے یہ چاند تارے، ہے جن کی آنکھوں میں:
(i) ہار تیرا (ii) وار تیرا (iii) نِکھار تیرا (iv) پیار تیرا

(ہ) تری حفاظت کا عزم لے کر ہر ایک اپنے:
(i) محاذ پر ہے (ii) آغاز پر ہے (iii) کام پر ہے (iv) مقام پر ہے

(و) صداقتوں کے دیے جلا کر بڑھا رہے ہیں:
(i) مقام تیرا (ii) مرتبہ تیرا (iii) شوق تیرا (iv) جنون تیرا



NOT FOR SALE-PESRP

Web Version of PCTB Textbook Not for Sale

## پڑھنا

۴ مشکل الفاظ کو روانی سے پڑھیے اور سمجھ کر خط کشید کیجیے۔ ۵ نظم کو بلند آواز سے پڑھیے اور جذبات کا اظہار اشارات کے ذریعے کیجیے۔

۶ کسی اور شاعر کا کوئی ملی نغمہ جماعت میں بلند آواز سے پڑھیے۔

## زبان شناسی

### ضرب الامثال

جب کوئی واقعہ بار بار تجربے اور مشاہدے میں آئے تو اُن تجربات اور مشاہدات کا نچوڑ پیش کرنے کے لیے چند الفاظ/ جملے استعمال کیے جاتے ہیں۔ جب یہ الفاظ یا جملے عرصہ دراز تک کسی خاص موقع پر استعمال کیے جاتے رہیں اور اپنے لفظی معنوں سے گزر کر کچھ اور معنی دیں تو اِن کو ضرب الامثال کہا جاتا ہے۔ ضرب المثل کے ایک جملے میں پوری بات چھپی ہوتی ہے۔ یہ اپنی بات کو وزنی اور مؤثر بنانے کے لیے دوران گفت گو استعمال ہوتی ہے۔ مثلاً کاٹو تو بدن میں لہو نہیں، نیکی اور پوچھ پوچھ وغیرہ۔

۷ اِن ضرب الامثال کا مفہوم لکھیے۔

- بلی کے بھاگوں چھینکا ٹوٹا۔
- سُوت نہ کپاس، جولا ہے سے لٹھم لٹھا۔
- ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا
- گُڑ سے جو مرے تو زہر کیوں دوں۔
- اُلٹے بانس بریلی کو۔

## لفظوں کا کھیل

۸ سرگرمی ۷ کے تحت دی گئی ضرب الامثال کو مربوط جملوں میں استعمال کیجیے۔

## تخلیقی لکھائی

۹ نظم کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔

۱۰ نظم سُن کر پاکستان کے خوب صورت نظاروں سے متعلق اپنے جذبات و احساسات کا اظہار کیجیے۔

## سرگرمیاں

- اِن الفاظ کے معانی لغت سے تلاش کیجیے اور مترادفات بھی تحریر کیجیے۔

  خوشبو۔ محبت۔ صداقت۔ آنکھ۔ وقار
- کیا آپ نے کسی گاؤں کی سیر کی ہے؟ اگر کی ہے تو وہاں کے نظاروں سے متعلق ساتھیوں کو آگاہ کیجیے اور اگر نہیں کی تو اپنے دیہاتی دوستوں سے پوچھیں۔
- پہاڑی علاقوں میں اُونچے اُونچے درختوں پر لگے پھل کس چیز کی گواہی دیتے ہیں؟ دوستوں کو بتائیے اور اُن سے بھی سوال کیجیے۔

### برائے اساتذہ کرام

- اُستادِ محترم پوری جماعت کو یہ نظم ٹیپ ریکارڈ، موبائل فون یا کسی اور ذریعے سے سنوائیں۔

Web Version of PCTB Textbook
Not for Sale